2011-2012	مطالعہ پاکستان	سالانہ امتحان

حصہ الف (کثیر انتخابی سوالات)

مارکس 15 — وقت ۔ 15 منٹ

سوال ا۔ درج ذیل میں سے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(۱) ہتھیار اور اسلحہ سازی کا پہلا کارخانہ ________ میں ہے۔
(الف) واہ (ب) لاہور (ج) اسلام آباد (د) کراچی

(۲) پاکستان میں فضائی کمپنی ________ میں قائم ہوئی۔
(الف) 1951 (ب) 1952 (ج) 1955 (د) 1947

(۳) رقبہ کے لحاظ سے بڑا صوبہ ________ ہے۔
(الف) سندھ (ب) پنجاب (ج) خیبر پختون خواہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۴) پاکستان میں چینی کے کارخانوں کی تعداد ________ ہے۔
(الف) 78 (ب) 32 (ج) 40 (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۵) پاکستان رمضان کی ________ تاریخ کو وجود میں آیا۔
(الف) 17 (ب) 27 (ج) 07 (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۶) اخوت کے معنی ________ کے ہیں۔
(الف) دوست (ب) بھائی چارہ (ج) شہری (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۷) پاکستان میں پہلی قدرتی گیس ________ میں دریافت ہوئی۔
(الف) 1951 (ب) 1952 (ج) 1955 (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۸) سپر ہائی وے کی لمبائی تقریباً ________ ہے۔
(الف) 165 کلومیٹر (ب) 170 کلومیٹر (ج) 185 کلومیٹر (د) 190 کلومیٹر

(۹) شاہ ولی اللہ کا اصل نام ________ تھا۔
(الف) سید احمد (ب) شاہ احمد (ج) احمد شہید (د) کریم الدین

(۱۰) مسلم لیگ ________ میں قائم ہوئی۔
(الف) 1905 (ب) 1910 (ج) 1906 (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۱۱) عیدالفطر ________ کے مہینے میں منائی جاتی ہے۔
(الف) رمضان (ب) ذوالحج (ج) ربیع الاول (د) شوال

(۱۲) پاکستان کی پہلی مردم شماری ________ میں ہوئی۔
(الف) 1951 (ب) 1947 (ج) 1961 (د) 1981

(۱۳) ________ کسی بھی ملک کی معیشت کا لازمی جزو ہیں۔
(الف) جنگلات (ب) زمین (ج) گیس (د) دریا

(۱۴) قائداعظم نے ________ میں مسلم لیگ میں شمولیت اختیار کی۔
(الف) 1916 (ب) 1906 (ج) 1913 (د) 1947

(۱۵) پاکستان کے ساحلی علاقے کی لمبائی تقریباً ________ ہے۔
(الف) 700 کلومیٹر (ب) 500 کلومیٹر (ج) 450 کلومیٹر (د) 800 کلومیٹر

حصہ "ب" (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی 9 سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

سوال ۲۔ نظریے کے معنی اور مفہوم بیان کریں۔
سوال ۳۔ کسی ملک کے لئے آئین یا دستور کیوں ضروری ہے؟
سوال ۴۔ بحیثیت گورنر جنرل قائداعظم کا کردار بیان کیجئے۔
سوال ۵۔ پاکستان کے ہمسایہ ممالک کے نام بتایئے۔
سوال ۶۔ زندگی میں اعتدال پسندی پر نوٹ لکھئے۔
سوال ۷۔ مختلف قسموں کے وسائل کے نام بتایئے۔
سوال ۸۔ ای۔تجارت کے کیا استعمال ہیں؟
سوال ۹۔ نظریہ میں قومی کردار کا کیا مقام ہے؟
سوال ۱۰۔ قومی لباس پر مختصر نوٹ تحریر کریں؟
سوال ۱۱۔ فلاح و بہبود کے پروگرام کون کون سے ہیں؟
سوال ۱۲۔ رسمی تعلیمی نظام پر نوٹ تحریر کریں۔
سوال ۱۳۔ بحیثیت قومی زبان اردو کی اہمیت بیان کیجئے۔

حصہ "ج" (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی 3 سوالات کے تفصیلی جواب لکھیں۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

سوال ۱۴۔ قائداعظم کے چودہ نکات تفصیل سے بیان کیجئے۔
سوال ۱۵۔ نظریہ پاکستان کے بارے میں قائداعظم اور علامہ اقبال کے ارشادات تحریر کریں۔
سوال ۱۶۔ پاکستان کے تعلیمی مسائل کون سے ہیں؟
سوال ۱۷۔ جنوبی ایشیا کے خطے میں پاکستان کے محل وقوع کی اہمیت بیان کیجئے۔
سوال ۱۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی دو پر نوٹ تحریر کریں۔
(i) معاشرتی زندگی
(ii) پاکستان کے طبعی خدوخال
(iii) قرارداد مقاصد کے اہم خدوخال